# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date : 12 August 2026**

**Time : 09:25/ AM**

**Opening**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجاز اختر۔

**PM**

وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کے عوام سے کہا ہے کہ وہ وکست بھارت کی تعمیر کا عہد لیتے ہوئے یومِ آزادی کی تقریبات جوش وخروش کے ساتھ منائیں۔ ایک ویڈیو پیغام میں نریندر مودی نے لوگوں سے تاکید کی ہے کہ وہ یکجٹ ہوکر ملک کے مجاہدین آزادی کو خراج پیش کریں۔انہوں نے ہر گھر ترنگا مہم کو بھی کامیاب بنانے کی لوگوں سے تلقین کی ہے۔

------V/O-----

آزادی تقریبات

اس دوران یومِ آزادی کی تقریبات منانے کیلئے تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی ہے۔اس سلسلے میں کئی محکموں اور اداروں کی جانب سے جشن آزادی کے پروگراموں کا انعقاد جاری ہے۔محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ کے ثقافتی یونٹ کی جانب سے سرینگر کے مختلف اسکولوں میں ثقافتی پروگرام منعقد کئے گئے۔ان پروگراموں کے ذریعے طالب علموں میں حب الوطنی کا جذبہ اجاگر کرنے کے علاوہ انہیں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کیلئے مناسب پلیٹ فارم دستیاب کیا جارہا ہے۔

ہر گھر ترنگا

پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی ہر گھر ترنگا مہم شد و مد سے جاری ہے۔

------**Music**----------

اس پہل کے تحت یوٹی کے تمام اضلاع میں حب الوطنی کے جذبے کو تقویت بخشنے نیز جدو جہد آزادی کے سپوتوں کو خراج عقیدت ادا کرنے کیلئے ترنگا ریلیوں کا انعقاد کیا جارہا ہے، جن میں لوگ قومی ترنگا اپنے ہاتھوں میں لے کر وطن کے تئیں اپنی محبت کا اظہار کر رہے ہیں۔

سرینگر ریلی

ہر گھر ترنگا مہم کے تحت آج صبح سرینگر میں جھیل ڈل کے کنارے بلیوارڈ پر ایک بڑی ترنگا ریلی نکالی گئی۔**SKICC** سے نکالی گئی اس ریلی کی قیادت لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کی۔اس ریلی میں ہزاروں کی تعداد میں سکولی بچوں ،سرکاری ملازمین ،سیکورٹی اہلکاروں اور سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔

ترنگا ریلیاں

اننت ناگ میں بھی آج ضلع سطح کی میگا ترنگا ریلی نکالی گئی۔سپورٹس سٹیڈیم سے نکالی گئی یہ ریلی قصبے کے مختلف علاقوں سے گزر کر لالچوک اننت ناگ میں اختتام پذیر ہوئی۔دریں اثناء بانڈی پورہ،کولگام اور گاندربل اضلاع میں بھی ہر گھر ترنگا مہم کے تحت ریلیوں اور پروگراموں کا انعقاد جاری ہے۔

ٹیٹوال ریلی

کپواڑہ ضلعے کے ٹیٹوال میں لائن آف کنٹرول کے نزدیک کل ایک میگا ترنگا ریلی نکالی گئی۔اس ریلی میں ایک ہزار **2** سومیٹر لمبا قومی پرچم اپنے ہاتھوں میں اٹھا کر سکولی بچوں،اساتذہ،سابق فوجیوں،سول و پولیس افسران،سول سوسائٹی ممبران اور مقامی باشندوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس دوران بڈگام میں بھی ترنگا ریلیاں نکالی گئیں۔

جاوید رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے فاریسٹ رائٹس ایکٹ 2006 کی مکمل اور موثر عمل آوری پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سرکار جنگلات کے آس پاس رہنے والے لوگوں کے حقوق کو تحفظ فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے۔انہوں نے جنگلاتی اراضی کو بھی تحفظ فراہم کرنے اور ماحولیات کو آلودگی سے پاک رکھنے کیلئے مناسب اقدامات کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا ہے۔اس سلسلے میں سرکار کی جانب سے جاری کئے گئے ایک مفصل سرکیولر کا تذکرہ کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ سرکار ماحولیات کی پاکیزگی اور جنگلات و متعلقین کے حقوق کو تحفظ فراہم کرنے میں سنجیدہ ہے۔

بل منظوری

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے قومی افتخار کے احترام سے متعلق ترمیمی بل کو منظوری دی ہے۔پارلیمنٹ نے اس بل کو پچھلے ماہ پاس کیا تھا۔دریں اثناء وزیر داخلہ امت شاہ آج کیرالہ ریاست کا نام تبدیل کرنے سے متعلق بل راجیہ سبھا میں پیش کریں گے۔

ڈی سی سرینگر

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے کل خواجہ بازار سرینگر میں حضرت خواجہ نقشبند صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے آستان عالیہ پر حاضری دی اور وہاں سالانہ عرس کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے آستان عالیہ کے صحن کی دیوار بندی اور دیگر تعمیراتی کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے عرس کے سلسلے میں تمام تیاریاں مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

بلتی نیوز

آکاشوانی کے ریجنل نیوز یونٹ سرینگر کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب ہے۔امیدوار کی تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہئے۔امیدوار کیلئے انگریزی و اردو متن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونا لازمی ہے۔امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان

مقرر کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ بجے تک آکاشوانی سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ میں جمع کر سکتے ہیں۔

درجہ حرارت
سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **20** اعشاریہ **9** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25** اعشاریہ **5** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا سے گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔
اجازت دیجئے۔ خدا حافظ۔